نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی کاشت اوراس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں اور حکومت پنجاب کاشتکاروں کو تمام ممکنہ وسائل فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے: صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ضلع منڈی بہاؤالدین میں کسان کارڈ کی فراہمی کیلئے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور03 نومبر2021: صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے گندم کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کو گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت سبسڈی کے سہولت اور ترغیبات فراہم کررہی ہے اور مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ حکومت کی کسان دوست پالیسیوں اور کاشتکاروں کی محنت کے باعث گذشتہ سال گندم کی فصل صوبہ پنجاب میں 1 کروڑ64لاکھ ایکڑ پر کاشت کی گئی اور تاریخ میں پہلی مرتبہ 2 کروڑ 9 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 67 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منڈی بہاؤالدین میں منعقدہ کسان کانفرنس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیرزراعت نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت وزیراعظم پاکستان عمران خان کے وژن اور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان خان بزدار کی قیادت میں زرعی اجناس کی کمی کو دور کرنے اور ملکی سطح پر فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 300 ارب روپے کے میگا منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے جس کے ذریعے نہ صرف فصلات کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ غذائی عناصر کی کمی دور کرنے میں بھی مدد ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کی منڈی بہاؤالدین میں 3 لاکھ 44ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی گئی تھی جس سے 3 لاکھ 94ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی تھی اور کاشتکار بھائیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات،متناسب کھادوں کا استعمال اور سرٹیفائیڈ بیجوں کے استعمال پر زور دیا اور ہدایت کی ہے کہ گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں اور گندم کی کاشت یکم نومبر سے 10 دسمبر تک مکمل کرلیں ۔گندم کی فصل کو مزید منافع بخش بنانے کے لئے اس کی فی ایکڑ پیداوار میں مزید اضافہ ناگزیر ہے۔امسال گندم کی منظور شدہ اقسام کے 10 لاکھ بیگ بحساب 1200 روپے فی بیگ سبسڈی پر فراہم کئے جارہے ہیں اور مجموعی طور پر 1 کروڑ ایکڑ رقبہ پر گندم کی منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کیا جارہا ہے۔کاشتکاروں میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروانے کے لئے نمائشی پلاٹ،سیمینارز اور یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ 12 ارب 54 کروڑ روپے کی خطیر رقم سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے اور مالی سال 2021-22 کے دوران اس منصوبہ کے تحت گندم کی مشینی کاشت کے فروغ کے لئے 50 فیصد سبسڈی پر 1 ارب روپے سے زیادہ کی جدید زرعی مشینری سمیت دیگر زرعی مداخل فراہم کیے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کاشتکاروں میں کسان کارڈ تقسیم کئے اور انہوں نے مزید بتاتے ہوئے کہا کہ " کسان کارڈ" کے اجراء کا انقلابی پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے ذریعے تمام سبسڈیز کو کیش ٹرانسفر کی

صورت میں براہ راست کاشتکاروں کے اکاونٹ میں منتقل کی جا رہی ہیں اور صوبائی وزیر زراعت نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ سبسڈی براہ راست اُن کے اکاؤنٹ میں منتقلی سے کاشتکار بروقت زرعی مداخل خرید سکیں تاکہ اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کو یقینی بنایا جا سکے۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم، ڈاکٹر افتخار احمد وڑائچ ڈپٹی ڈائریکٹر اگرانومی، شیخ اقبال ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) منڈی بہاؤالدین ، نجی فرٹیلائزر کمپنی کے نمائندگان کے علاوہ مقامی محکمہ زراعت کے افسران، کاشتکاروں اور میڈیا کے نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆